نیوز ریلیز
شعبۂ تعلقات عامہ
سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 22, 2006)

پاک فوج کے انجینئروں کی زلزلہ سے محفوظ تعمیراتی طریقوں کی تربیت

اسلام آباد (22 مارچ 2006ء) ___ یو ایس ایڈ کی مالی اعانت سے چلنے والی ایک تنظیم 600 پاکستانی فوجی انجینئروں کو زلزلہ سے عمارتوں کو پہنچنے والے نقصان کی شدت کا اندازہ لگانے اور زلزلہ سے محفوظ تعمیراتی طریقوں کے متعلق تربیت دے رہی ہے۔ شنکیاری اور مظفر آباد میں تین روزہ ورکشاپوں میں پاک فوج کے انجینئروں نے زلزلہ سے ہونے والے نقصانات کا اندازہ لگانے، محفوظ اور غیر محفوظ عمارتی مقامات کی نشاندہی کرنے اور لوگوں کو محفوظ گھروں کی تعمیر میں مدد دینے کی تربیت دی گئی۔

یو ایس ایڈ نے زلزلہ سے محفوظ تعمیرات میں حکومت پاکستان کو مدد دینے کے لئے نیشنل سوسائٹی فار ارتھ کوئیک ٹیکنالوجی نیپال (NSET) کو مالی امداد فراہم کی تاکہ مقامی غیر سرکاری تنظیموں، انجینئروں، مستریوں اور بڑھیوں کو محفوظ عمارتیں تعمیر کی تربیت دی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ لوگوں کو ان طریقوں سے آگاہ کرنے کے لئے تعلیمی مواد تیار کیا جائے۔ اس سلسلہ میں NSET پاکستان کے فوجی انجینئروں کے ساتھ پیشہ ورانہ مہارت کا تبادلہ کر رہا ہے۔

یہ تربیتی ورکشاپ NSET، UN-Habitat اور ایمرجینسی آرکیٹیکٹس کی مشترکہ کوششوں سے منعقد کئے جا رہے ہیں۔ فوجی انجینئرز کو دیواروں اور چھتوں کو پہنچنے والے نقصانات کی درجہ بندی کرنے کے متعلق بتایا جاتا ہے تاکہ اس امر کا تعین کیا جا سکے کہ کسی عمارت کی مرمت کی جا سکتی ہے یا نہیں۔ اس سے انجینئرز زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں نقصانات کا تخمینہ لگا سکیں گے جس کے ذریعہ حکومت زلزلہ زدگان کو معاوضہ ادا کرے گی۔ کئی دور افتادہ علاقوں میں فوج کو گھروں کی دوبارہ تعمیر کا بھی معائنہ کرنا ہوگا تاکہ گھروں کی تعمیر کے دوران حکومت کے حفاظتی رہنما اصولوں کی پاسداری کو یقینی بنایا جا سکے۔

شنکیاری میں ہونے والی پہلی ورکشاپ میں زلزلہ کے بعد سر چھپانے کے عارضی ٹھکانوں کی تعمیر، لینڈ سلائڈنگ صاف کرنے اور امدادی سامان پہنچانے کے کاموں میں کئی مہینوں تک حصہ لینے والے 81 فوجی انجینئروں نے تعمیر نو کے متعلق تربیت حاصل کی۔

زلزلہ سے متاثر علاقوں میں تعمیر نو اور بحالی کے ادارہ ERRA کے پراجیکٹ مینیجر وقاص حنیف نے کہا ہے کہ فوج نقصانات کا تخمینہ لگانے کے لئے موزوں ترین ہے کیونکہ وہ فنی مہارت کی حامل ہے اور تیزی سے کام کرتی ہے۔ پاک فوج ایک زبردست خدمت سرانجام دے رہی ہے۔

امریکہ، یو ایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3

امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثر علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کل 51 کروڑ ڈالر دینے کا وعدہ کیا ہے